Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUOJ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 5 اگست 2025ء، 10 صفر المظفر 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 130

# پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ فاشسٹ گروہ ہے، عظمیٰ بخاری

**5 اگست کو پاکستانی عوام فتنہ وفساد کو مسترد کر کے کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کا مظاہرہ کریں گے، حقیقی آزادی کا نعرہ لگانے والے کا ایک کروڑ اسی لاکھ ڈالر کا امریکہ میں اشتہار چھپا ہے**

**بانی پی پی آئی اپنے بچوں کو ہوا نہیں لگنے دیتے، قوم کے بچوں کو 26 سال سے جنون کا درس دے رہے ہیں، ایرانی صدر کی لاہور آمد پر بھی مخصوص عناصر نے منفی پراپیگنڈہ کیا، وزیر اطلاعات**

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر عمیر علی کا فرنس کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف اب سیاسی جماعت نہیں رہی بلکہ ایک فاشسٹ گروہ بن چکی ہے جو ریاستی اداروں اور قومی اتحاد کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے، 5 اگست کو پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے فتنہ و فساد کی سیاست کو مکمل طور پر مسترد کریں گے، "حقیقی آزادی" کا نعرہ لگانے (بقیہ نمبر 4)

## سینئر روبینہ خالد کا یوم شہداء پولیس کے موقع پر پیغام

**"یوم شہداء پولیس" ہمیں اُن بہادر افسران اور جوانوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے**

**ان کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر اور آئندہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) "یوم شہداء پولیس" ہمیں اُن بہادر افسران اور جوانوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے ملکی سلامتی، امن وامان کے قیام، اور جرائم کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ ان شہداء نے قانون کی بالادستی، (بقیہ نمبر 5)

## دوبارہ حج اور عمرہ کی بالائی حد کی پابندی ختم

**خواہش مند افراد نامزد بینکوں اور آن لائن پورٹل کے ذریعے حج درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) حج باجماعت کی وصولی کا آغاز ہو نامزد بینکوں اور آن لائن پورٹل کے ذریعے حج درخواستیں جمع ہے ہوگیا۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق خواہش مند افراد کرواسکتے ہیں۔ پہلے آئیے پہلے (بقیہ نمبر 8)

## حکومت مزید ایک لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے کا فیصلہ

**چند دن قبل حکومت نے چینی کی بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر 2 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے کا آرڈر دیا تھا**

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے چینی درآمد کرنے کا ایک اور ٹینڈر جاری کر دیا ہے۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کے مطابق ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کا ٹینڈر 11 اگست اور ٹینڈر جاری کیا گیا ہے۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کے مطابق ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کا ٹینڈر 11 اگست کو کھولا جائے گا۔ چند دن قبل حکومت (بقیہ نمبر 7)

## پولیس شہداء کا لہو ہماری ریاست کی بنیاد ہے

**پنجاب پولیس کے ان جانبازوں کو سلام جنہوں نے اپنا خون دے کر وطن کو امن کا گہوارہ بنایا، مریم نواز**

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب (بقیہ نمبر 6) ہے کہ پولیس شہداء کا لہو ہماری ریاست کی بنیاد ہے ہم اسے کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ یوم شہداء پولیس پر اپنے پیغام میں

**گلگت بلتستان میں بارشوں اور سیلاب سے جانی و مالی نقصانات پر گہرا افسوس ہے، متاثرین اور صوبائی حکومت کو تنہا نہیں چھوڑینگے، شہباز شریف**

# سیلاب متاثرین کیلئے 4 ارب امداد کا اعلان

وزیر اعظم کا گلگت بلتستان کا ایک روزہ دورہ، وزیر اعلیٰ، گورنر سے ملاقات، سیلاب سے متاثرہ افراد میں امدادی چیک تقسیم، دفاق اور گلگت بلتستان حکومت قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کریں گے، شہباز شریف

**گلگت میں 100 میگاواٹ کے سولر پلانٹ منصوبے کو جلد شروع کرینگے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کا شکار 10 ممالک میں شامل، نمٹنے کیلئے اقدامات وقت کی ضرورت ہے، وزیر اعظم کا سوہائی کا پنہ تقریب سے خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کا ایک روزہ دورہ کیا، جہاں انہوں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے 4 ارب روپے کی فوری امداد کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے دورے کے دوران سیلاب سے جاں بحق اور زخمی افراد کے لواحقین میں مالی امدادی چیکس تقسیم کیے۔ ترجمان صوبائی حکومت فیض اللہ فراق کے مطابق، وزیر اعظم کو دورے کے دوران گلگت بلتستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کو 11 لاکھ روپے، جبکہ زخمیوں کو 5 لاکھ روپے کے چیکس فراہم کیے گئے، دورے کے دوران وزیر اعظم سے گورنر گلگت بلتستان اور وزیر اعلیٰ نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں بھی کیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے جلاس سے خطاب کرتے ہوئے 100 میگاواٹ کے سولر گلی منصوبے کو جلد از جلد شروع کرانے کا یقین دہانی کرائی اور گلگت (بقیہ نمبر 10)

## سہولت اکاؤنٹس" کے نام سے بینک اکاؤنٹس کھولنے کا آغاز

**"سہولت اکاؤنٹس" کے ذریعے مستحق خواتین اپنی امدادی رقوم براہ راست اپنی مرضی کے بینکوں سے وصول کر سکیں گی**

**ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کے مشترکہ مشن کی کرسپ ایشیئٹو کے تحت پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے ملاقات**

**عالمی بینک کے ساتھ مسلسل رابطے اور باہمی مشاورت کے ذریعے ہم تمام آپریشنل چیلنجز پر قابو پانے میں کامیاب ہوں گے**

**"ہم مختلف شہروں میں متعدد ادائیگی ماڈلز کو پائلٹ کر رہے ہیں تاکہ ان کی افادیت کا جائزہ لیا جا سکے، سیکرٹری عامر علی احمد**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کے مشترکہ مشن کی کرسپ ایشیئٹو کے تحت پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے ملاقات چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ بی آئی ایس پی نے حال ہی میں اپنے مستحقین کیلئے ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے ادائیگی کا ماڈل متعارف کرایا ہے اور اب 13 اگست 2025 کو ملک کے سات بڑے اضلاع میں "سہولت اکاؤنٹس" کے نام سے براہ راست بینک اکاؤنٹس کھولنے کے (بقیہ نمبر 1)

ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کے مشترکہ مشن کی کرسپ ایشیئٹو کے تحت پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ملاقات کر رہے ہیں

## فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نئے دور میں داخل

**سید عاصم منیر امریکی تعلقات کو نئی جہت دے رہے ہیں، 18 جون کو ٹرمپ سے نجی ملاقات خطے میں سفارتی تبدیلی کا آغاز تھی**

**جنوبی ایشیا، بحیرہ عرب اور مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسی میں بڑی تبدیلی کا اشارہ ہے، برطانوی جریدے دی اکانومسٹ کی رپورٹ**

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ برطانوی جریدے دی اکانومسٹ میں شائع تجزیے کے مطابق سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی پاک امریکہ تعلقات کی کوششوں کو سراہا گیا ہے۔ دی اکانومسٹ میں شائع مضمون کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر امریکی تعلقات کو نئی جہت دے (بقیہ نمبر 1)

گلگت، وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف سے چیف منسٹر گلگت بلتستان بگبار خان ملاقات کر رہے ہیں

## پاکستان تحریک انصاف آج ملک گیر احتجاج کریگی

**مظاہرے، ریلیوں کا اعلان، کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے' الزام**

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف آج (منگل) 5 اگست کو ملک بھر میں احتجاج کرے گی، پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی قیادت میں کارکنان احتجاجی (بقیہ نمبر 2)

## حج سکیم کے تحت رجسٹریشن، 4 لاکھ 55 ہزار درخواستیں موصول

**درخواست دہندگان کی قرعہ اندازی مقررہ وقت پر کی جائیگی، وزارت مذہبی امور**

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کی جانب سے شروع کیے گئے حج رجسٹریشن کے عمل میں ملک بھر سے 4 لاکھ 55 ہزار سے زائد افراد نے رجسٹریشن کروا لی (بقیہ نمبر 3)

لاہور: پنجاب اسمبلی کی لائبریری کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت قائم مقام سپیکر پنجاب اسمبلی وچیئرمین لائبریری کمیٹی ملک محمد اقبال چیمہ کر رہے ہیں۔

## گھر پر دھاوا، جان سے مارنے کی دھمکیاں

**پولیس خاموش تماشائی**

**ای فیگ کے باوجود 14 روز تک کوئی کارروائی نہیں، صلح نامہ سے کیس دبانے کا الزام**

**تفتیشی ایس آئی عثمان کا صلح نامہ کی کاپی دینے سے گریز، اہل علاقہ خوف وحراس کا شکار ہوگیا**

Complainant Copy

Worldcup Rawalpindi Date 05.07.2025 20:00 Application No Worldcup-00017025-3171

Applicant CNIC 37405-1182718-9 Applicant Name Applicant Cell 03101160040

Category Reporting of Crime Offence Fraud Filed

Offence Narrat MUHAMMAD QASIM Office Contact 03121227264 Email/Address

Student Contact

Senior Station Applicant

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) قتانہ ڈسٹرکٹ کے حدود میں قبضہ مافیا کے جیلے اور حکمیں وحمکیوں کا لرزہ خیز واقعہ سامنے آگیا۔ رنج روڈ نزد عدیل موڑ، دین پلازہ کی رہائشی شازیہ سعید کے مطابق 19 جولائی کو شام 4 بجے شیخ منیر ناملوم شخص کے ہمراہ گھر آیا، گالم گلوچ کی، نازیبا زبان استعمال کی اور مجھے، میرے بچوں، اہلخانہ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ متاثرہ خاتون کے مطابق پولیس کو 15 اطلاع دی گئی مگر کوئی فوری موقع پر نہ پہنچی، جبکہ واقعہ کی سی سی ٹی وی میں ریکارڈ ہے۔ شازیہ سعید نے بتایا کہ شیخ منیر بااثر قبضہ مافیا کا حصہ ہے، جو سرکاری گلی پر غیر قانونی (بقیہ نمبر 9)

قتانہ ڈسٹرکٹ کی میں درج ایف آئی آر کا عکس

## قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی سب کمیٹی کا اجلاس

**اجلاس میں سیکٹر G-14 جھنگی سیداں) کے مسائل زیر غور آئے، متاثرین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے**

**ڈائریکٹر لینڈ نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ بعض متاثرین کو ادائیگیاں ہو چکی ہیں لیکن ان کے مکانات تاحال خالی نہیں کرائے جا سکے**

**سب کمیٹی کے آئندہ دو اجلاس مورخہ 8 اور 12 اگست 2025 کو فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کے دفتر میں منعقد ہوں گے**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی سب کمیٹی کا اجلاس ایف بی ای ایچ اے میں منعقد ہوا قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ ورکس کی سب کمیٹی کا اجلاس مورخہ 4 اگست 2025 کو فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سب کمیٹی کے کنوینر جناب انعم عقیل خان (رکن قومی اسمبلی) نے کی، جبکہ محترم جناب محبوب شاہ اور جناب ابرار احمد (ارایین قومی اسمبلی) کمیٹی کے ممبران کی حیثیت سے (بقیہ نمبر 2)

)قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی سب کمیٹی کا اجلاس، سب کمیٹی کے کنوینر جناب انعم عقیل خان (رکن قومی اسمبلی) نے اجلاس کی صدارت کی

## ارم حامد حمید نے رکن قومی اسمبلی کا حلف اٹھا لیا

**سپیکر سردار ایاز صادق سے رکن قومی اسمبلی کی حیثیت سے حلف اٹھایا**

ارم حامد حمید رکن قومی اسمبلی کا حلف اٹھا رہی ہے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) نومنتخب رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید نے بدھ کے روز قومی اسمبلی کے اجلاس کے آغاز پر سپیکر سردار ایاز صادق سے رکن قومی اسمبلی کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کے بعد انہوں نے رول آف ممبرز پر دستخط کیے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے ارم حامد کو ایوان میں خوش آمدید کہا اور مبارکباد دی۔

نومنتخب رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید رول آف ممبرز پر دستخط کرنے کے بعد سپیکر قومی اسمبلی نے ارم حامد کو ایوان میں خوش آمدید کہا اور مبارکباد دی

## مسلم لیگ ن کراچی کے رہنما سہیل خان کے والد کا انتقال

**مرحوم افضل خان کو جنازہ کی ادائیگی کے بعد ماسٹھو میں ذاتی اراضی پر سپرد خاک کیا گیا**

والد محترم افضل خان بروز ہفتہ 2 اگست 2025 کو کراچی میں انتقال کر گئے۔ ناانللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کو ان کے آبائی علاقے جنبہ، ماسٹھو میں ان کی ذاتی اراضی پر سپرد خاک کیا گیا۔ نماز جنازہ میں عزیز واقارب، سیاسی وسماجی شخصیات، علاقہ مکینوں اور پارٹی کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سہیل خان اور ان کے اہل خانہ سے حلقہ سیاسی، سماجی، سرکاری اور عوامی حلقوں نے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم افضل خان کے (بقیہ نمبر 3)

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کراچی کے خالص سیکرٹری سہیل خان کے

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

## صارف عدالتیں بند کرنے کا غیر منصفانہ اقدام

پنجاب کے 17 اضلاع میں قائم صارف عدالتوں کو ختم کر دیا گیا۔ ان میں جاری کیس سیشن کورٹس منتقل ہوں گے جبکہ صارف عدالتوں کے مجرّر کو لاہور ہائیکورٹ رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں پنجاب میں 11 صارف عدالتیں 2007ء میں قائم کی گئی تھیں، بعد میں ان عدالتوں کی تعداد بڑھا کر 17 کر دی گئی۔ پاکستان میں انصاف کی فراہمی کا نظام پہلے ہی بے شمار مسائل کا شکار ہے، جہاں سیشن عدالتوں میں سالہا سال مقدمے التوا میں پڑے رہتے ہیں اور عام آدمی انصاف کے حصول میں عمر کھو دیتا ہے۔ ایسے میں صارف عدالتیں ایک روشنی کی کرن تھیں جو بغیر کسی وکیل، بغیر کسی فیس اور بغیر کسی پیچیدہ قانونی تقاضے کے عام شہری کو جلد اور سستا انصاف فراہم کر رہی تھیں مگر حیرت انگیز طور پر حکومت نے ان عدالتوں کو قومی خزانے پر بوجھ قرار دے کر بند کر دیا۔ یہ ایک ایسا فیصلہ جو نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ سراسر عوام دشمن بھی ہے۔ یہ عدالتیں 18 سال تک ایک خاموش خدمت سرانجام دیتی رہیں۔ یہ وہ ادارے تھے جہاں غریب اور متوسط طبقے کا فریادی کیمپیوں، اداروں، دکانداروں یا سروس پروائیڈرز کے خلاف کھڑا ہو سکتا تھا اور اپنا مقدمہ بغیر کسی وکیل کے خود لڑ سکتا تھا۔ اب اسے کہا جا رہا ہے کہ وہ سیشن کورٹ کا رخ کرے، وکیل کرے، بھاری فیسیں دے، برسوں انتظار کرے اور آخر کار انصاف کی تلاش میں تھک ہار جائے۔ کیا یہی ریاست کا انصاف ہے؟ افسوس کی بات یہ ہے کہ قومی خزانے پر بوجھ صرف وہ ادارے سمجھے جاتے ہیں جو عام آدمی کو سہولت دیتے ہیں یا اس کی آواز بنتے ہیں۔ لیکن بیوروکریسی کی پرتعیش گاڑیاں، وزراء کے بے شمار دفاتر، وزرائے اعظم کے محلات اور افسر شاہی کی فضول مراعات پر روزانہ کروڑوں روپے کا خرچ بوجھ نہیں ہے۔ کیا ایوانِ صدر بوجھ نہیں؟ کیا وزرائے اعلیٰ ہاؤسز کے اخراجات بوجھ نہیں؟ کیا ہر سال نئی گاڑیوں کی خریداری، غیر ضروری پروٹوکول اور ایک ایک کام کے لیے میں میں افسروں کی تعیناتی قومی خزانے پر بوجھ نہیں؟ ایک کام کے لیے 20، 20 آفیسر رکھے ہوئے ہیں اور وہ بھی جو کام مہینوں میں کرتے ہیں کمپیوٹر کی ایک کلک پر چند سیکنڈ میں ہو جاتا ہے۔ صرف وہ صارف عدالتیں بوجھ بن گئیں جو عام آدمی کو سہولت دے رہی تھیں؟ یہ ہر امیمار نہیں تو اور کیا ہے؟ سب جانتے ہیں کہ کس چوری کو کون کرتا ہے۔ سیاست دان، بیوروکریسی، بڑے بڑے صنعتکار، لیکن قربانی کون دیتا ہے؟ عام مزدور، تنخواہ دار طبقہ، دیہاڑی دار، وہ شہری جو ہر چیز پر سیلز ٹیکس ادا کرتا ہے۔ حکومت خود تسلیم کرتی ہے کہ عام آدمی اپنے حصے سے زیادہ ٹیکس دیتا ہے پھر بھی اس کے لیے تھوڑی سی سہولت بھی خزانے پر بوجھ بن جاتی ہے؟ سچ یہ ہے کہ ہر حکومت وہی پالیسی اپناتی ہے جس سے اشرافیہ کو فائدہ پہنچے۔ عام آدمی کو صرف نعرے ملتے ہیں، سہولتیں نہیں۔ یہ فیصلہ کہ صارف عدالتیں ختم کی جائیں، ایک مذاق ہے ان عوام کے ساتھ جو پہلے ہی نظام انصاف سے نالاں ہیں۔ سچ یہ ہے کہ حکومت کے طاقتور طبقے کی سہولت کے لیے کمزور کی امید چھین لی ہے۔ یہ فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے۔

## تحریر۔۔۔۔حمیدہ بیگم

## یوم سیاہ: جب کشمیر کو عقوبت خانہ بنا دیا گیا

5 اگست 2019ء کو بھارت نے ایک ایسا سیاہ قدم اٹھایا جس نے متنوعہ کشمیر کی حیثیت، کشمیری عوام کے حقوق اور عالمی قوانین کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں۔ اس روز بھارتی حکومت نے یکطرفہ طور پر کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے پوری وادی کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر دیا۔ آج چھ برس بعد بھی وہ دن کشمیری عوام کے دلوں میں ایک سلگتا ہوا زخم ہے، اور ہر سال اسے "یوم سیاہ" کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ یہ محض ایک سیاسی فیصلہ نہیں تھا، بلکہ ایک مکمل منصوبہ بند انسانی المیہ تھا۔ بھارت نے 90 لاکھ سے زائد کشمیریوں کو لاک ڈاؤن میں محصور کر کے مواصلاتی بلیک آؤٹ نافذ کیا، جس میں موبائل، لینڈ لائن، انٹرنیٹ سب کچھ بند کر دیا گیا۔ اقوام متحدہ کا انسانی حقوق چارٹر کہتا ہے کہ ہر انسان کو نقل و حرکت، عبادت، اظہار رائے اور پرونی دنیا سے رابطے کا حق حاصل ہے، مگر بھارت نے کشمیریوں سے یہ تمام بنیادی حقوق چھین لیے۔ کرفیو کے دوران آرکوٹی پچہ یا پڑھا دوا یا خوراک لینے باہر نکلا تو اسے گولیوں سے بھون دیا گیا۔ شہیدوں کی لاشیں زمین پر پڑی رہیں اور ان کے لواحقین کو دفن کرنے کی بھی اجازت نہ ملی۔ کشمیری نوجوانوں کو سرچ آپریشنز کے نام پر گھروں سے اغوا کیا گیا، اور تاحال ہزاروں نوجوان لاپتا ہیں۔ کوئی نہیں جانتا کہ وہ زندہ ہیں یا بنا عدالت عقوبت خانوں میں تارچہ کا شکار ہو چکے ہیں۔ یہ سب کچھ دنیا کی آنکھوں کے سامنے ہوا۔ ہے۔ سیاسی میڈیا نے کشمیر کو "اوپن ائیر پرزن" یعنی کھلی جیل قرار دے چکا ہے۔ کم تو اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی اس سے بھی بڑا المیہ ہے۔ ایک اور ستم یہ ہوا کہ جب کرونا وائرس کی عالمی وبا پھیلی تو بھارتی حکومت نے اسی بند وادی میں کشمیریوں کو وبا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ نہ علاج، نہ دوا، نہ اسپتالوں تک رسائی اور طبی سامان تھی، مگر ظلم بڑھتا ہی چلا جائے، حق کی آواز کو دبا نہیں سکتا۔ برہان وانی جیسے نوجوانوں کی شہادت نے نئی نسل کو بیدار کر دیا۔ اب کشمیر میں جو تحریک چل رہی ہے وہ کسی بیرونی ایجنڈے پر نہیں، بلکہ کشمیریوں کی اپنی سرزمین، شناخت اور حق خود ارادیت کی جنگ ہے۔ "کشمیر بنے گا پاکستان" کا نعرہ صرف سیاسی نہیں، بلکہ عقیدے اور تاریخ سے جڑا ایک سچ ہے۔ بھارت نے کشمیر پر جعلی انتخابات، آل پارٹیز کانفرنس اور نام نہاد سیاسی ڈائیلاگ کا سہارا بھی لیا، لیکن اس کی چالاکیوں کو کشمیری عوام نے مسترد کر دیا۔ حتیٰ کہ بھارت نواز سیاست دان بھی آج بھارت سے ناراض ہو رہے ہیں۔ محبوبہ مفتی جیسی شخصیت تک کو مودی سرکار کو پاکستان سے بات چیت کا مشورہ دے چکی ہیں۔ پانچ اگست ایک تاریخ نہیں، ایک سانحہ ہے۔ یہ دن صرف کشمیریوں کے لیے ہی نہیں، بلکہ پوری امہ مسلمہ اور انسانیت کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے۔ یہ یوم سیاہ بھارت کے مکالمانہ کردار کا آئینہ بھی ہے اور اس کے مکافات عمل کا پیش خیمہ بھی۔ کشمیریوں کا صبر اور ان کی قربانیاں اور ان کی دعائیں آخر کار رنگ لائیں گی، اور ان شاء اللہ وہ دن ضرور آئے گا جب کشمیر پاکستان کا حصہ ہوگا۔

## مکتی باہنی اور بی ایل اے کے پیچھے بھارت کا گھناؤنا کردار

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

مکتی باہنی اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کو اکثر دو الگ الگ تحریکیں اندرونی طور پر اور سخت عملی کے لحاظ سے منسلک دہشت گرد تحریکوں کے طور پر دیکھا جاتا ہے اور دونوں ہی پاکستان کی فیڈریشن کو غیر مستحکم کرنے اور توڑنے کے حتمی مقصد کے لاقرار ہیں۔ اگرچہ دائیوں سے الگ اور مختلف جغرافیائی سیاق و سباق میں کام کر رہی ہیں، مکتی باہنی مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) میں 1970 کی دہائی کے اواخر میں اور بی ایل اے آج بلوچی طور پر جنوب مغربی بلوچستان میں، مگر انہیں جو چیز جوڑتی ہے وہ صرف ان کے پرشدد طریقے یا علیحدگی پسندانہ خواہشات نہیں ہیں۔ اس کے بجائے یہ ان کی مبینہ بیرونی سرپرستی ہے اور بھارت ان کی سہولت کاری اور امداد میں ملوث رہا ہے۔ یہ بیانیہ بتاتا ہے کہ 1971ء میں، مشرقی پاکستان میں سیاسی اور فوجی بگاڑ نے آرمی کے درمیان، بھارت نے بنگالی قوم پرست شورش کو مضبوط کرنے کا ایک سازگار موقع سمجھا، جس کا مقصد اپنے علاقائی حریف کو کمزور کرنا تھا۔ بھارت نے اپنے سرحدی علاقوں، بشمول مغربی بنگال، آسام اور تری پورہ میں ہزاروں تربیتی کیمپوں کی میزبانی کی، جہاں مکتی باہنی کے جنگجوؤں کو مبینہ طور پر پاکستانی افواج کے خلاف گوریلا جنگ کے لیے مسلح، تربیت یافتہ اور لیس کیا گیا۔ اس نقطہ نظر سے جو کچھ ایک اندرونی بحران کے طور پر شروع ہوا تھا وہ تیزی سے ایک مکمل پراکسی جنگ میں تبدیل ہو گیا، مکتی باہنی کو تیزی سے اپنے دفاع پر مجبور کر دیا گیا، جو بالآخر ڈھاکہ کے گرد اور بالآخر پورے مشرقی پاکستان کے الگ ہونے کے لیے ایک فیصلہ کن مرحلہ بن گیا۔ بی ایل اے کے معاصر کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ بھارت کی مبینہ حمایت دسمبر 1971ء میں اپنے عروج پر پہنچ گئی جب اس نے انتہائی ہمدردی کے بہانے اور علاقائی استحکام کے نام پر فوجی مداخلت کی۔ جنگ کا اختتام، بنگلہ دیش کی تخلیق کے نتیجے میں، اس طرح محض اندرونی شکایات کا نتیجہ نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایک بیرونی جارحیت کی براہ راست مثال ہے جس نے ایک اندرونی شورش پر بیرونی تحریک کو پراکسی کے طور پر استعمال کیا، جو بین الاقوامی اصولوں اور سیاسی خودمختاری کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس بیانیہ میں، مکتی باہنی کبھی بھی ایک جائز آزادی کی قوت نہیں تھی بلکہ ایک بھارتی پراکسی تھی جو بھارتی کمانڈ کے تحت کام کرتی تھی، جس کا واضح مقصد پاکستان کو توڑنا تھا۔

اکیسویں صدی میں تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے بلوچستان لبریشن آرمی پاکستان کے اندر دہشت گردی کا ایک نیا چہرہ بن گیا جبکہ بی۔ بلوچستان کے وسیع و عریض اور وسائل سے مالا مال صوبے میں کام کرتے ہوئے، بی ایل اے نے مبینہ طور پر پاکستانی سیکورٹی فورسز، عوامی بنیادی ڈھانچے (ٹیلی مواصلات اور غیر خلیص، خاص طور پر چائنا پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے منسلک چینی کارکنوں پر درجنوں ہائی پروفائل حملے کیے ہیں۔ یہ دھڑی کہ بی ایل اے کو بھارتی انٹیلی جنس کی حمایت حاصل ہے، جو مکتی باہنی کی مبینہ حمایت کی عکاسی کرتا ہے، اس نقطہ نظر کو ایک مرکزی اصول ہے۔ اس یقین کو تقویت دینے والا ایک اہم واقعہ 2016ء میں مجھوش پاوہ کی گرفتاری تھی، جو بلوچستان میں گرفتار ہونے والا بھارتی بحریہ کا ایک حاضر سروس افسر تھا۔ اس کے مبینہ اعتراف کہ وہ را کا ایجنٹ تھا جو تخریب کاری کی کارروائیوں کو مربوط کرنے، علیحدگی پسند گروپوں کو مالی امداد فراہم کرنے اور پاکستان کے اندر، خاص طور پر بلوچستان میں انتشار پیدا کرنے کے لیے کام کر رہا تھا، کو خطے میں شورش کو فروغ دینے میں بھارت کی شمولیت کا ناقابل تردید ثبوت سمجھا جاتا ہے۔ یادگار مصالحہ، بی ایل اے کے اپنے بیانات اور آپریشنل پیٹرن کے ساتھ مل کر، پاکستان میں اس گروپ کو ایک جائز قوم پرست تحریک کے طور پر ایک فوجی تحریک کے طور پر دیکھنے کا باعث بنا ہے۔ بی ایل اے نے مبینہ طور پر چکی دھماکوں سے لے کر ٹرین اغوا تک، پیچیدہ حملوں کو انجام دینے کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے، اکثر ایسے طریقوں سے جو اسے ایک منظم، تربیت یافتہ اور لیس فورس کے طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ اس کے بجائے یہ ان کی مبینہ بیرونی سرپرستی ہے اور بھارت ان کی سہولت کاری اور امداد میں ملوث رہا ہے۔ یہ بیانیہ بتاتا ہے کہ 1971ء میں، مشرقی پاکستان میں سیاسی اور فوجی بگاڑ نے آرمی کے درمیان، بھارت نے بنگالی قوم پرست شورش کو مضبوط کرنے کا ایک سازگار موقع سمجھا، جس کا مقصد اپنے علاقائی حریف کو کمزور کرنا تھا۔ بھارت نے اپنے سرحدی علاقوں، بشمول مغربی بنگال، آسام اور تری پورہ میں ہزاروں تربیتی کیمپوں کی میزبانی کی، جہاں مکتی باہنی کے جنگجوؤں کو مبینہ طور پر پاکستانی افواج کے خلاف گوریلا جنگ کے لیے مسلح، تربیت یافتہ اور لیس کیا گیا۔ اس نقطہ نظر سے جو کچھ ایک اندرونی بحران کے طور پر شروع ہوا تھا وہ تیزی سے ایک مکمل پراکسی جنگ میں تبدیل ہو گیا، مکتی باہنی کو تیزی سے اپنے دفاع پر مجبور کر دیا گیا، جو بالآخر ڈھاکہ کے گرد اور بالآخر پورے مشرقی پاکستان کے الگ ہونے کے لیے ایک فیصلہ کن مرحلہ بن گیا۔ بی ایل اے کے معاصر کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ بھارت کی مبینہ حمایت دسمبر 1971ء میں اپنے عروج پر پہنچ گئی جب اس نے انتہائی ہمدردی کے بہانے اور علاقائی استحکام کے نام پر فوجی مداخلت کی۔ جنگ کا اختتام، بنگلہ دیش کی تخلیق کے نتیجے میں، اس طرح محض اندرونی شکایات کا نتیجہ نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایک بیرونی جارحیت کی براہ راست مثال ہے جس نے ایک اندرونی شورش پر بیرونی تحریک کو پراکسی کے طور پر استعمال کیا، جو بین الاقوامی اصولوں اور سیاسی خودمختاری کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس بیانیہ میں، مکتی باہنی کبھی بھی ایک جائز آزادی کی قوت نہیں تھی بلکہ ایک بھارتی پراکسی تھی جو بھارتی کمانڈ کے تحت کام کرتی تھی، جس کا واضح مقصد پاکستان کو توڑنا تھا۔

## SHOWBIZ شوبز

## فواد خان کی گلوکاری کی دنیا میں شاندار واپسی

### ماحول نے میرے فواد خان کی پرفارمنس کو سراہا بلکہ ویلسا ساٹھ اسٹیشن کو بھی خراج تحسین پیش کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف اداکار اور گلوکار فواد خان نے ایک طویل وقفے کے بعد گلوکاری کی دنیا میں شاندار انداز میں واپسی کی ہے، اور ماحول کو خوشگوار حیرت میں مبتلا کر دیا ہے۔ فواد خان، جنہوں نے راک بینڈز ایلی (Enti) اور Paradigm کے ساتھ اپنی گلوکاری کا آغاز کیا تھا، اب ویلسا ساٹھ اسٹیشن کے پلیٹ فارم سے عیت، دھوکہ اور پچھتاوے کے جذبات پر مبنی، جس میں فواد خان نے ایک ایسے عاشق کا کردار ادا کیا ہے جو بارش میں بچھڑی ہوئی محبوبہ کے ساتھ اپنے ماضی کی یادوں پر پشیمان دکھائی دیتا ہے۔

## اداکارہ کترینہ کیف کو ایک مرتبہ پھر افواہوں نے گھیر لیا

### اس سے قبل بھی اداکارہ کے حاملہ ہونے کی کئی مرتبہ افواہیں سامنے آئی تھیں

سمتی (این این آئی) بالی ووڈ کی اداکارہ کترینہ کیف کو ایک مرتبہ پھر افواہوں نے گھیر لیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ سائرشرٹ پہنے پریشر کیف سے متعلق افواہیں پھر سے دوبارہ گردش میں ہیں کہ حاملہ ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کترینہ کیف اور ان کے شوہر وکی کوشل کو حال ہی میں بھارتی شہر گلی باغ کے لیے روانہ ہوتے دیکھا گیا۔ اس حوالے سے بتایا جا رہا ہے کہ یہ جوڑا چھٹیوں کی غرض سے علی باغ جا رہا ہے، ان کی روانگی کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد سے اداکارہ کترینہ کیف کو ایک مرتبہ افواہوں نے گھیر لیا ہے کہ وہ حاملہ ہیں۔

## ایسی انڈسٹری میں کام نہیں کرتا، جہاں اداکاروں کی لاشیں ملتی ہیں، نعیمہ بٹ

### تاہم ان کا اشارہ اداکارہ وماہل تمیر اصغر اور سینئر اداکارہ عائشہ خان کی جانب تھا



کراچی (این این آئی) گزشتہ برس کے ڈرامے سجی ہی، محبت گم، مقبولیت حاصل کرنے والی اداکارہ نعیمہ بٹ کو ان کی ٹی وی ڈیوٹی پر تنقید کا سامنا ہے، جس میں وہ کہتی سنائی دیتی ہیں کہ انہیں ایسی انڈسٹری میں کام نہیں کرنا، جہاں اداکاروں کی لاشیں ملتی ہیں۔ نعیمہ بٹ نے حال ہی میں انسٹاگرام اسٹوری میں اپنی ایک مختصر ویڈیو شیئر کی، جس میں انہوں نے ماحول کی جانب سے پیش آنے والے سوالوں اور تنقید کا مختصر انداز میں جواب دیا۔ اداکارہ نے مختصر ویڈیو میں کہا کہ اداکاری کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں کیا جا رہا ہے کہ انہیں ڈراموں میں کام نہیں مل رہا۔

## اہان پانڈے کا سیارا سے پہلے کا لفنگا روپ، جو فلم میں نظر نہیں آیا

### اہان پانڈے نگ ٹاک پر پہلے کھلیا اور کہا ہٹ میوزیکل بنایا کرتے تھے جنہیں انہوں نے ڈیلیٹ کر دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی حالیہ کامیاب فلم سیارا نے بلاکبسٹر کامیابی حاصل کی، جس نے اہان پانڈے کی اداکاری کو مثبت توجہ دلائی۔ اہان پانڈے نگ ٹاک پر پہلے کھلیا اور کہا ہٹ میوزیکل بنایا کرتے تھے جنہیں بعد میں انہوں نے ڈیلیٹ کر دیا۔ فلم سیارا کے مرکزی اداکار اہان پانڈے ان دنوں فلمی حلقوں میں چرچے کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ 18 جولائی کو ریلیز ہونے والی اس فلم نے مدھرا بی آر کمار پروڈکشن کا مبالیہ حاصل کی، بالکل ابتدا کی گونجی راتوں رات سپر اسٹار بنا دیا۔ فلم کی ریلیز سے پہلے پیش رائے تھیٹر نے اہان کو پرجوش مگر کمزور سے دور کے کیمرے کی تعلیم کی ابتدائی کی۔

## ڈرامے دیکھنے پر شوہر ناراض ہوتے ہیں، ان سے رشتہ خطرے میں ہے، عقیقہ اداؤھو

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ عقیقہ اداؤھو کا کہنا ہے کہ ان کی ازدواجی زندگی خطرے میں ہے۔ جی ٹی وی چینل کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے عقیقہ اداؤھو نے بتایا کہ ان میں دنوں پاکستانی ڈرامے بہت شوق سے دیکھتی ہوں، یوں کہیں ہفتہ بھر پاکستانی ڈرامے دیکھنے کی عادت سی ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے شوہر کے ساتھ یہ ازدواجی خطرے میں ہے کیوں کہ میں

## پاکستان، پوائے ای او افغانستان کی سہ ملکی سیریز کا شیڈول جاری

### شارجہ میں فی ٹوئنٹی ٹرافی سیریز 29 اگست سے 7 ستمبر تک کھیلی جائے گی

دبئی (این این آئی) پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی سہ ملکی سیریز کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ شارجہ میں فی ٹوئنٹی ٹرافی سیریز 29 اگست سے 7 ستمبر تک کھیلی جائے گی، ہر ٹیم خرچ ٹیموں سے دو مرتبہ مقابلہ کرے گی۔ افتتاحی میچ 29 اگست کو پاکستان اور افغانستان کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ فائنل 7 ستمبر کو ہوگا۔ سہ ملکی سیریز کا شیڈول کے مطابق 29 اگست۔ افغانستان بمقابلہ پاکستان 30 اگست۔ یو اے ای بمقابلہ پاکستان 1 ستمبر۔ یو اے ای بمقابلہ افغانستان 2 ستمبر۔ پاکستان بمقابلہ یو اے ای 3 ستمبر۔ افغانستان بمقابلہ پاکستان 4 ستمبر۔ یو اے ای بمقابلہ افغانستان 5 ستمبر۔ پاکستان بمقابلہ یو اے ای 6 ستمبر۔ افغانستان بمقابلہ پاکستان 7 ستمبر۔

## بلکہ ہوگن کی موت کیسے ہوئی؟ اہم انکشاف سامنے آگیا

### ہوگن کے دل کے پٹھوں کو خون کی روانی میں اچانک رکاوٹ پیدا ہوئی، رپورٹس

واشنگٹن (این این آئی) معروف پروفیشنل امریکی ریسلر ہلک ہوگن کی موت کی اصل وجہ سامنے آگئی۔ عالمی شہرت یافتہ ریسلر ہوگن کی اصل نام ٹیری بیجن بولیا تھا جو 71 سال کی عمر میں 24 جولائی کو فلائی ڈیلا فورڈ سائنس سینٹر کی دستاویزات میں انکشاف ہوا ہے کہ معروف سابق ریسلر ہوگن کی موت کی تصدیق شدہ وجہ شدید دل کا دورہ (Acute Myocardial Infarct) تھی جسے عام طور پر ہارٹ اٹیک کہا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ہوگن کے دل کے پٹھوں کو خون کی روانی میں اچانک رکاوٹ پیدا ہوئی جس کے باعث شدید نقصان پہنچا، انہیں دل کی ایک بیماری ایٹرسکلیروسس فبریلیشن لاحق تھی جس میں دل کی دھڑکن سست پڑ جاتی ہے اور خون کے جمنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ہوگن کے دل کے پٹھوں کو خون کی روانی میں اچانک رکاوٹ پیدا ہوئی جس کے باعث شدید نقصان پہنچا، انہیں دل کی ایک بیماری ایٹرسکلیروسس فبریلیشن لاحق تھی جس میں دل کی دھڑکن سست پڑ جاتی ہے اور خون کے جمنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ مزید یہ کہ معروف ریسلر کیشری ایک ٹیسٹ کروکے اسٹوسائٹ کیو کیمیا کا بھی شکار تھے جو شدید خون کے تمام مجرّ تین مختلف مقامات پر کمتر کر دیتی ہے۔ ان کے ماحول کے بارے میں یات حیران کن تھی کیونکہ ان کی بیماری سے متعلق معلومات پہلے بھی منظر عام پر آچکی تھیں۔

## لیگ پریمیئر لیگ 27 نومبر سے سری لنکا میں شروع ہوگی

### کوکبو (این این آئی) سری لنکا کرکٹ (این ایل سی) کے زیر اہتمام لنکا پریمیئر لیگ کا چھٹا ایڈیشن 27 نومبر سے سری لنکا میں شروع ہوگا۔ سری لنکا کرکٹ مطابق لنکا پریمیئر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کے تمام میچز تین مختلف مقامات پر کھیلے جائیں گے جن میں کولمبو، کینڈی اور دمبولا شامل ہیں۔ فرنٹ مین ڈائریکٹر ساتھا ڈوڈان

## بھارت کو کھیلوں میں ایک اور ہزیمت کا سامنا

### بھارتی حریف کو شکست، خالد محمود ایشین بالکنگ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن منتخب

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کو کھیلوں میں ایک اور ہزیمت کا سامنا، پاکستان کی بھارت کے خلاف سیمی فائنل میں بڑی جیت، پاکستان کے محمد خالد محمود بھارتی حریف کو شکست دیکر ایشین بالنگ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن منتخب ہو گئے ہیں۔ قطائی لینڈ میں ہونے والے ایشین بالنگ کے کانگریس اجلاس میں ہونے والے انتخابات میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد محمود بھارتی حریف اے جگدو 9 کے مقابلے میں 18 ووٹ سے ہرا دیا گیا۔

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان الاقلعی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تصدیلدار واراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

## SPORTS سپورٹس

## ٹی ٹوئنٹی میں 11 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

### سیریز میں 722 رنز بنائے تھے۔ گیل کو تھاد سے آؤٹ کیا گیا۔ یہ صرف ایک دن کا ریکارڈ تھا اور انہوں نے اپنی انگلش کپتانی کیریئر پر دو رنز بنا کر یہ کارنامہ انجام دیا۔ 25 سالہ کھلاڑی اب انگلینڈ میں جاری پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں 724 رنز بنا چکے ہیں، جس سے وہ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوطرفہ سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والوں کی فہرست میں تیسرے نمبر پر ہیں۔ جھمن گل، اگر اوول میں 11 مزید رنز بناتے ہیں تو وہ سنگل کو اسکور کے 732 رنز کو پیچھے چھوڑ دیں گے جو کسی ہندوستانی کپتان نے کسی ٹیسٹ سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنائے ہیں، جس کے

## جھمن گل نے سرگیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

لندن (این این آئی) بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان جھمن گل نے انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کے لیجنڈ سر گیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ اوول میں کھیلے جا رہے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے پہلے روز جھمن گل نے تاریخ رقم کی اور سر گیری سوبرز کا ریکارڈ توڑا۔ انہوں نے بیٹنگ کرتے ہوئے (جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا) میں کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز میں ایک غیر ملکی کپتان کے سب سے زیادہ رنز بنانے کے سوبرز کے دیرینہ ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ویسٹ انڈیز نے کھیلنے 1966 میں انگلینڈ۔ ویسٹ انڈیز

## فاسٹ بالروں کو انجریز سے بچانے کے لیے خصوصی پلان تیار

### پرفارمنس عاقب جاوید کا کام کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق گیلریوں کی تھکن اور ذائقہ پلان کے ساتھ فیلڈنگ، بیٹنگ، بالنگ اور اسکلز پر کام ہوگا۔ محمد وسیم جونیئر کی ٹیم ٹیسٹ کلیئر آئے بغیر کھیل رہا ہے۔ وسیم جونیئر کو فٹس کے حوالے سے کسی انفیکشن کا سامنا نہیں جس کے بعد اگلے بالنگ ایکشن پر کام کیا جا رہا ہے۔

## شاہین گل نے سرگیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

### لندن (این این آئی) بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان جھمن گل نے انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کے لیجنڈ سر گیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ اوول میں کھیلے جا رہے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے پہلے روز جھمن گل نے تاریخ رقم کی اور سر گیری سوبرز کا ریکارڈ توڑا۔ انہوں نے بیٹنگ کرتے ہوئے (جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا) میں کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز میں ایک غیر ملکی کپتان کے سب سے زیادہ رنز بنانے کے سوبرز کے دیرینہ ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ویسٹ انڈیز نے کھیلنے 1966 میں انگلینڈ۔ ویسٹ انڈیز

## نازلی نصر نے پہلی شادی اور طلاق سے متعلق خاموشی توڑ دی

### طلاق بانقہ کہلانے جانے کے خوف سے 16 سال ناپسندیدہ شادی میں گزار دیئے

کراچی (این این آئی) ڈراما ماہوں سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ نازلی نصر نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اپنی نجی زندگی کی مشکلات پاکھیوں پہلی شادی اور 16 سال بعد طلاق سے متعلق کھل کر گفتگو کی۔ سینئر اداکارہ نازلی نصر نے بتایا کہ ان کی زندگی میں چند ہی لوگ اہم ہیں جن میں ان کے بچے اور موجودہ شوہر شامل ہیں لیکن ایک وقت ایسا بھی آیا جب وہ اپنی زندگی کے حوالے سے شدید الجھن کا شکار تھیں۔ نازلی نصر نے مزید بتایا کہ انھوں نے پہلی شادی کے بعد شوہر کی خواہش پر شوبز کو خیر باد کہہ دیا تھا۔

## لڑکے شادی کرنے کا کہیں تب بھی لڑکیاں تصویر اور ویڈیوز نہ بھیجیں، مشی خان

### آپ ذہنی تناؤ کا شکار رہتی ہیں، بہت سی خواتین اور لڑکیاں خودکشیاں بھی کر لیتے ہیں



کراچی (این این آئی) اداکارہ مشی خان کا کہنا ہے کہ لڑکے شادی کرنے کا بھی کہیں تب بھی لڑکیاں تصویر اور ویڈیو نہ بھیجیں۔ شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مشی خان نے لڑکیوں کو مشورہ دیا ہے کہ اپنی ویڈیوز اور تصاویر ہرگز نہ بھیجیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کا رابطہ ہے اس کو مت بھیجیں۔ انہوں نے کہا کہ چاہے لڑکا طلاق ہے کہ میں شادی کروں گا، شادی نہیں کی، بعض لڑکے والی ہے تب بھی نہ بھیجیں کیونکہ آپ شادی شدہ بھی ہیں تو اس طرح کی چیزیں جو پرائیویٹ ہوتی ہیں وہ آپ کو قطعاً کسی کو بھی نہیں بھیجنی چاہئیں۔ یہ اداکارہ نے کہا کہ آپ کو نہیں معلوم کہ دوسرے شخص کا دماغ کب تبدیل ہو جائے اور وہ آپ کو بلیک میل کرنے لگے۔ بلیک میلنگ کے بہت سارے کیسے ہیں، بہت ساری لڑکیاں اس جھانسے میں آچاتی ہیں۔

## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 05 اگست 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس اور ڈیملیشنز ورکس آف ایم این ایز میلز نصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے کیلئے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر منقطع رہے گی۔

مورخہ 05 اگست 2025ء 07:00 سے 11:00 بجے تک: 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کینٹ سرکل، کمال آباد، روز، متاز منزل فیڈرز۔

مورخہ 05 اگست 2025ء 07:00 سے 12:00 بجے تک: 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کینٹ سرکل، ریلوے کینٹ سرکل، ٹاٹ آباد 1&2، جیل پارک و ٹاٹ بی، کٹک چوک، ڈینس روڈ، ہاہوں 1، روز نین، اڈیالہ، کچیلا، ہاہوں روڈ، میجر راشی منظور، LTC، لالہ مندرا، ہاہوں مندرا، حامد جمالی فیڈرز۔

صبح 08:00 سے 11:00 بجے تک: 132 کے وی گرڈ اسٹیشن ایم این ایز میلز نصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے کیلئے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر منقطع رہے گی۔

مورخہ 05 اگست 2025ء 07:00 سے 11:00 بجے تک: 132 کے وی گرڈ اسٹیشن

# کام کے معیار اور کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، چیئرمین سی ڈی اے

کیش لیس نظام، سفاری پارک، تھیم پارک، کیبل کار، فیری ویٹز، ڈائننگ فائنیلیٹی کی تھیسیب جیسے اہم منصوبوں کے بارے میں پیش رفت کا تفصیلی جائزہ

## چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد عظمیٰ رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد عظمیٰ رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے کے ممبر ایڈمن وائسلیٹ طلعت محمود، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر فنانس انٹرنیٹ اسٹیشار بلوچ، ممبر فنانس طاہر تھیم، ممبر بینکنگ ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈی جی ڈسکس لیمل رضا گاڈی، ڈی جی (بقیہ نمبر 14)

چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد عظمیٰ رندھاوا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# گوجرخان جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر، سرکاری عمارتیں سج گئیں

## جی ٹی روڈ خوبصورت قومی پرچم بینرز آویزاں کرنے سے شہر کا ماحول مزید دلکش ہو گیا، بازار میں جشن آزادی کی مناسبت سے سٹالز لگ گئے

## شہریوں کا کہنا ہے کہ حالات چاہے جیسے بھی ہوں پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے اور ہم ہمیشہ اس کی سلامتی اور ترقی کے لیے دعا گو رہیں گے

گوجرخان (قمرشہزاد) یوم آزادی سے پہلے آزادی کے جشن کی تیاریاں شروع ہو گئی ہیں روڈ کے وسط میں لگے سٹریٹ لائٹس کے پلاز پر گوجرخان ایجوکیشن کی جانب سے خوبصورت قومی پرچم اور چینا گلس بینرز آویزاں کر دادیے گئے ہیں جس سے شہر کا ماحول مزید دلکش ہو گیا ہے جب کہ سرکاری عمارتوں پر برقی لائٹس لگانے کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے اس بار شہری 78 واں یوم آزادی (بقیہ نمبر 15)

گوجرخان میں جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر انتظامیہ کی جانب سے روڈ کے وسط میں قومی پرچم اور سٹیلیس لگوائے گئے

# تعلقہ ہسپتال میں دوائیوں کی قلت، شوگر کا مریض دربدر

## ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں بھی انسولین جیسی بنیادی دوا میسر نہیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: تعلقہ ہسپتال میں دوائیوں کی قلت، شوگر کا مریض دربدر، ڈی ایچ او نے بھی آنکھیں موند لیں کندھ

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد بریجس طاہر نے ساہیوال میں گورنمنٹ سردار رحمانی کی دعوت پر شاہکوٹ کا دورہ کیا

# شاہکوٹ: چوہدری بریجس طاہر کی سردار رحمانی کی رہائش گاہ آمد

## مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کی ہے، چوہدری بریجس طاہر

شاہکوٹ (میاں داؤد) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد بریجس طاہر نے ساہیوال میں گورنمنٹ سردار رحمانی کی دعوت پر شاہکوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ان کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنان سے ملاقات کی اس موقع پر مقامی قیادت، سابق کونسلرز، تاجران، سماجی شخصیات اور معززین علاقہ کی بڑی تعداد موجود تھی چوہدری بریجس طاہر نے خوشگوار ماحول میں شرکاء سے بات چیت کی اور کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کی ہے اور مشکل حالات کے باوجود پارٹی نے ترقیاتی ایجنڈے پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف اور میاں شہباز

# مٹن بریانی چکن کے نرخوں کو پر لگ گئے، سرکاری ریٹ لسٹ مذاق بن کر رہ گئی

## شہر میں انتظامیہ کی ناک کے نیچے گراں فروشوں کی من مانیاں جاری پرائس مجسٹریٹ سمیت دیگر ذمہ داران کہیں نظر نہیں آتے

## اے سی گوجر خان سرکاری نرخنامہ پر عملدرآمد کروائیں یا پھر اس کی چھپائی بند کروائیں جو مارکیٹ کمیٹی کا دوزخ بھرنے کا موجب ہے شہری

گوجرخان (قمرشہزاد) سرکاری نرخ نامہ مذاق بن کر رہ گیا چکن مٹن بریانی شہر اور گردوخ میں کہیں بھی سرکاری نرخنامہ پر دستیاب نہیں قصابوں نے ریٹ لسٹ کو جوتے کی نوک پر رکھ دیا شہر میں انتظامیہ کی ناک کے نیچے گراں فروشوں کی من مانیاں جاری پرائس مجسٹریٹ سمیت دیگر ذمہ داران کہیں بھی آنکھ میں ڈالنے کے لیے نہیں نظر نہ بریانی چکن فروشوں نے معصوم عوام سے من تعین کرنے (بقیہ نمبر 27)

ایبٹ آباد، نیا پاکستان زندہ باد موومنٹ کے چیئرمین سیف اللہ خان ہزارہ پریس کلب کا نفرنس کر رہے ہیں

# پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے

## ایبٹ آباد پریس کلب میں پاکستان زندہ باد موومنٹ کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری

ایبٹ آباد (ڈیشان نذیر اعوان سے) مرکزی چیئرمین نیا پاکستان زندہ باد موومنٹ سیف اللہ خان نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی بین الاقوامی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے جنگیم کے قیام کا مقصد ملک کے عوام اور اداروں کے درمیان (بقیہ نمبر 29)

نیا پاکستان زندہ باد موومنٹ کے چیئرمین سیف اللہ خان ہزارہ ڈویژن تنظیم کے عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

# نئے گیس کنکشن کے خواہشمند افراد کو سستی ایل پی جی دینے کا فیصلہ

## پاکستان درآمد شدہ گیس کی اضافی مقدار کے مسئلے کا سامنا کر رہا حکام چاہتے ہیں گیس نئے کنکشن کے خواہشمند افراد کو فراہم کی جائے

## اس فیصلے کا مطلب یہ ہے کہ نئے گیس صارفین کو موجودہ گھریلو صارفین کے برابر نہیں سمجھا جائے گا جن کے لیے سلیب کے لحاظ سے 12 مختلف کیٹگریز موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے نئے گیس کنکشن کے خواہشمند افراد کو فراہم کی جانے والی سستی ایل پی جی کا مطلب یہ ہے کہ نئے گیس صارفین کو موجودہ گھریلو صارفین کے برابر نہیں سمجھا جائے گا جن کے لیے سلیب کے لحاظ سے 12 مختلف کیٹگریز موجود ہیں۔ ایک سینئر (بقیہ نمبر 31)

# یومِ استحصالِ کشمیر 5 اگست تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار

## اس دن بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے کشمیریوں کے بنیادی حقوق غصب کیے

## بھارت مقبوضہ کشمیر میں ظلم و جبر کی انتہا کر چکا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کا ویڈیو بیان جاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر جاری کردہ اپنے ویڈیو بیان میں 5 اگست 2019ء کو تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس دن بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے کشمیریوں کے بنیادی حقوق غصب کیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا یہ اقدام ناجائز قبضے کو مزید مستحکم کرنے کی کوشش تھی، جس کی پاکستان بھرپور مذمت کرتا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں ظلم و جبر کی انتہا کر چکا ہے، اور دنیا بھر نے وہاں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مشاہدہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی حکومت نہ صرف کشمیریوں کے حق خودارادیت سے انکار کر رہی ہے بلکہ عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی بھی کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑا ہے، اور پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کو اقوام (بقیہ نمبر 18)

# ڈپٹی کمشنر چکوال کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

## تمام مدارس کی رجسٹریشن جلد از جلد یقینی بناء جائے گی۔ مشی واک پر حکومت پنجاب کی جانب سے اجازت نہیں ہے

## دین اسلام امن و آشتی، اخوت و محبت اور صبر و تحمل کا درس دیتا ہے، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، ڈی پی او احمجی الدین بھی موجود تھے

چکوال (نمائندہ) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت 17 مئی/اگست کے سلسلہ میں ضلعی امن و دین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈی پی او چکوال (ر) احمجی الدین بھی موجود تھے۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ سیت ضلعی انتظامیہ و پولیس کے دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں چیلم حضرت امام حسین رضہ، مدارس کی رجسٹریشن (بقیہ نمبر 26)

چکوال ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، ڈی پی او لیفٹیننٹ (ر) احمجی الدین کے ہمراہ ضلعی امن و دین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

# چین کے دیا پوا دو جزیرے میں غیر قانونی داخل جاپانی بحری جہاز کو نکال دیا گیا

بیجنگ (شہباز) چینی کوسٹ گارڈ (سی جی) کے ایک ترجمان نے پیر کے روز بتایا کہ جاپانی ماہی گیر بحری جہاز کو چین کے دیا پوا دو جزیرے کی علاقائی پانیوں میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کے بعد نکال دیا گیا ہے۔ سی جی کے ترجمان گان یو کے مطابق یکم اگست سے 4 اگست کے دوران یہ جہاز غیر قانونی طور (بقیہ نمبر 28)

# چین کے شمال مشرقی صوبے میں آکس اینڈ اسنو نے موسم گرما میں رونقیں دوبالا کر دیں

ہاربن (شہباز) چین کے بیشتر حصے شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں تاہم چین کے شمال مشرقی صوبے جی لونگ جیانگ کا دارالحکومت ہاربن سیاحوں کو ایک تازگی بخش ماحول فراہم کر رہا ہے جہاں آکس اور اسنوئی کشمیر سیاحت کی وجہ سے خنکی کا احساس ہوتا ہے۔ اگرچہ اب برابتی طور پر آکس اور اسنو کا موسم (بقیہ نمبر 30)

سابق صدر مسلم لیگ (ن) کامریڈ معروف برلاس میں چوہدری بلال صفدر کی قومی اسمبلی شیخ آفتاب احمد کھرل کی ادائیگی پر گلدستہ دیتے ہوئے جبکہ اس موقع پر پی اے شہزاد رضا بھی موجود ہے

# کشمور پولیس کی جانب سے شہداء کو خراج عقیدت پیش

## ایس ایس پی آفس کندھ کوٹ میں ایک پروقار اور باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور: پولیس یوم شہداء کشمور پولیس کی جانب سے عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات (بقیہ نمبر 22)

# ضلعی کشمور میں جشن آزادی کے سلسلے میں شجرکاری مہم کا آغاز

## رکن قومی اسمبلی سردار علی جان مزاری، ڈپٹی کمشنر اور دیگر افسران کی شرکت

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ جس میں رکن قومی اسمبلی سردار علی جان مزاری، ڈپٹی کمشنر کشمور آغا نثیر زہان، ضلعی افسران، محکمہ جنگلات کے نمائندگان اور معزز شخریوں نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد جشن آزادی کے موقع پر شجرکاری کو فروغ (بقیہ نمبر 23)

کندھ کوٹ رکن قومی اسمبلی سردار علی جان مزاری، ڈپٹی کمشنر آغا نثیر زہان اور دیگر افسران جشن آزادی کے موقع پر شجرکاری مہم کے دوران پودا لگاتے ہوئے

# غیر قانونی واٹر کنکشن تین ماہ تک دبا کر رکھا گیا

## ہفتہ واتوار زبردستی ڈیوٹی، عملے سے ناشتہ اور اخراجات بھی وصول

راولپنڈی کینٹ میں ریونیو سپرنٹنڈنٹ و واٹر ریکوری انچارج بے ضابطگیاں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ میں اعلیٰ افسران کی مبینہ غفلت اور اختیارات کے غلط استعمال کے ادارے کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا۔ ذرائع کے مطابق ریونیو سپرنٹنڈنٹ صدیق گھرار اور واٹر ریکوری انچارج اجمل حسین (بقیہ نمبر 24)

# سی سی ڈی پولیس چوآ سیدن شاہ کی بڑی کامیابی

## 2017ء سے روپوش اشتہاری مجرم کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار) سی سی ڈی کی پولیس چوآ سیدن شاہ کی بڑی کامیابی 2017 سے روپوش اشتہاری مجرم کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا گیا سی ڈی کی ٹیم چوآ سیدن شاہ پولیس کی شاندار کارکردگی کی بدولت چوآ سیدن شاہ میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوا اور جرائم کی شرح میں واضح کمی آئی۔ مجرم اشتہاری محمد افضل ولد روز خان قوم شیخ سکنہ واڈ تحصیل کلر کہار ضلع چکوال جو 2017ء کو تھانہ کیمبر ضلع سرگودھا کے مقدمات (بقیہ نمبر 25)

# 2034 تک بجلی 25 فیصد مہنگی ہو سکتی ہے، پاور ڈویژن

لاہور (این این آئی) پاور ڈویژن کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ آئندہ آٹھ برسوں میں بجلی کی قیمتوں میں اوسطاً 25 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ میں پاور ڈویژن کے حوالے سے کی گئی ایک پیشگوئی میں بتایا گیا ہے کہ آئندہ آٹھ سالوں میں بجلی کی قیمتوں میں ایک چوتھائی 25 فیصد تک اضافہ متوقع ہے جبکہ گزشتہ تین سالوں میں گرمی کی شدید قدر میں کمی کے باعث بجلی کے نرخوں میں 50 فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ پاور ڈویژن کی جانب سے جولائی کے آخری ہفتے میں اسٹیک ہولڈرز سے مشورے کی گئی ورنگ پیپر کے مطابق 2032ء تک بجلی کا اوسط ٹیرف 29 روپے 90 پیسے فی یونٹ تک پہنچنے کا امکان ہے۔

# چین نے قومی نمونوں کے لیے تحقیقی اداروں کی نئی درخواستیں منظور کر لیں

بیجنگ (شہباز) چین کی خلائی ایجنسی نے قومی نمونوں پر تحقیق کے لیے درخواستوں کی منظوری کی 9 ویں نوبت جاری کر دی جس کے تحت کامیاب درخواست گزاروں کو چھانگ ای-5 اور چھانگ ای-6 مشنز کے ذریعے لائے گئے قمری نمونے تحقیق کے لیے دیئے جائیں گے۔ چین کی قومی خلائی انتظامیہ کے ماتحت لونر اکسپلوریشن اینڈ سپیس انجینئرنگ سنٹر کے مطابق مجموعی طور (بقیہ نمبر 20)

# چھنگ دو عالمی کھیلوں کے لئے مرکزی میڈیا سنٹر کا آغاز

چھنگ دو (شہباز) عالمی کھیل 2025 چھنگ دو کے لیے مرکزی میڈیا سنٹر (ایم آئی سی) پیر کے روز کھل گیا جو دنیا بھر سے تقریباً 200 میڈیا اداروں اور تقریباً 2 ہزار میڈیا نمائندوں کو سہولیات فراہم کرے گا۔ فرانسیسی ٹیلیشن فرنسز کے مطابق پیر کو ایم آئی سی کے دوران روزانہ صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک کام کرے گا۔ ایم آئی سی میں مقیم براے میڈیا آپریشنز لیو یے نے کہا کہ خصوصی (بقیہ نمبر 21)

# صارفین کے لیے اچھی خبر، بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان

## سی پی پی اے کی جانب سے درخواست پر نیپرا میں سماعت آج ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے خوشخبری ہے، جس کے مطابق بجلی کی قیمت میں فی یونٹ ایک روپے 7 پیسے کی کمی کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے مالی سال 2025-26 کی چوتھی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے مد میں نیپرا سے قیمتوں میں کمی کی باقاعدہ درخواست دائر کی ہے، جس پر منگل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) آج سماعت کرے گی۔ درخواست منظور ہونے کی صورت میں بجلی صارفین کو مجموعی طور پر 53 ارب 3 کروڑ روپے سے ڈائنامک ریفیف ملے گا۔ یہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ نہ صرف سرکاری ڈسٹری بیوشن کمپنیاں (ڈسکوز) بلکہ کے الیکٹرک پر بھی لاگو ہوگی۔

# ہزارہ کی عوام کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک برداشت نہیں کیا جائیگا

## ہزارہ الیکٹرک کمپنی میں باہر سے بھرتی نہیں ہونے دینگے، ذوالفقر نیمن خان

ایبٹ آباد (ڈیشان نذیر اعوان سے) چیئرمین ہزارہ قومی محاذ ذوالفقر نیمن خان بھدون نے کہا کہ ہزارہ الیکٹرک کمپنی میں باہر سے بھرتی کی گئی تو ہزارہ قومی محاذ پھنگی تحریکوں کی طرح ایک بار پھر روڈوں پر دھام مست قلندر کرے گی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین ہزارہ قومی محاذ ذوالفقر نیمن نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ مختلف ذرائع سے معلوم ہوا ہی کہ (بقیہ نمبر 19)

# متحد قوم، فاتح پاکستان، مہم کا آغاز

## 7 اگست سے 14 اگست تک ہفتہ آزادی کی تقریبات

## 14 اگست کو ایک کلومیٹر طویل قومی پرچم لہرانے کی تقریب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی نے "متحد قوم، فاتح پاکستان" مہم شروع کر دی۔ 7 سے 14 اگست تک جشن عمر میں آزادی واک، خطوط، اسٹالز اور تقریبات ہوں گی، جبکہ 14 اگست کو ایک کلومیٹر طویل قومی پرچم لہرانے کا مرکزی پروگرام ہوگا۔

مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کا ہفتہ یوم آزادی منانے کا اعلان

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035